| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 5 | تاریخ: _____ | وقت: 40 منٹ |

| باب ششم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: حضرت آدم علیہ السلام |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق، حالاتِ زندگی اور دُعا کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت آدم علیہ السلام کی زندگی سے راہ نمائی حاصل کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو چار عظیم شرف اور مرتبے عطا فرمائے۔

1) اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو مٹی سے بنایا۔
2) روح پھونکی۔
3) فرشتوں کو سجدہ کرنے کا حکم دیا۔
4) اشیاء کے ناموں کے علم سے سرفراز فرمایا۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ٦٦ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں گزشتہ سبق میں انھوں حضرت آدم علیہ السلام کے جنت سے نکالے جانے اور زمین پر اُتارے جانے تک پڑھا تھا۔ آج وہ حضرت آدم علیہ السلام کی حالاتِ زندگی، دُعا اور اُن کی زندگی سے حاصل ہونے والے سبق اور راہ نمائی کے بارے میں جانیں گے۔
- طلبہ کو بتائیں جنت سے نکالے جانے پر حضرت آدم علیہ السلام کو سخت پشیمانی و ندامت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے

دونوں کو پکارا اور فرمایا: ترجمہ: ”کہ کیا میں نے تم دونوں کو منع نہیں کیا تھا کہ اس درخت کا پھل نہ کھانا اور شیطان کے ورغلانے میں نہ آنا۔ یہ تمھارا کھلا دشمن ہے۔“ (سورۃ الاعراف، آیت: ۲۲)

دونوں نے جب اللہ تعالیٰ کی پکار سنی تو نہایت عاجزی سے گڑگڑانے لگے اور بولے۔

ترجمہ: ”اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پہ زیادتی کی اور اگر تو نے ہمیں نہ بخشا اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم ضرور نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ (سورۃ الاعراف، آیت: ۲۳)

اللہ تعالیٰ نے توبہ و استغفار کے کلمات حضرت آدم علیہ السلام کو سکھا دیے۔ انھی کلمات کے ذریعے ان کی توبہ قبول فرمائی۔ اس طرح حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا علیہا السلام نے توبہ استغفار کا اہتمام کیا اور بارگاہِ الٰہی سے رحمت و مغفرت کے مستحق قرار پائے جبکہ شیطان نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا نہ صرف ارتکاب کیا بلکہ اس پر ڈٹا رہا اور ملعون قرار پایا۔

- طلبہ کو بتائیں حضرت آدم علیہ السلام کی زندگی سے ہمیں یہ راہ نمائی ملتی ہے کہ ہر شے کا خالق و مالک صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ ہمیں ہر حال میں اُس کی اطاعت کرنی چاہیے۔ صرف اُسی کا حکم ماننا چاہیے اور شیطان مردود کے شر سے بچنا چاہیے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| علوم و فنون | عُلوم و فنون | علم و فَن کی جمع |
| مرکز | مر۔کَز | کسی چیز کا درمیانی حصہ |
| طلب | طَ۔لَب | خواہش، مانگ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے تصوّر کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۱) کا سوال (۳) طلبہ سے سنیں اور جزو (۴) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

”حضرت آدم علیہ السلام کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟“ جواب کاپیوں پر لکھ کر لائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

حضرت آدم علیہ السلام کی دُعا کا چارٹ کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیثِ نبوی ﷺ<br>بابِ پنجم: حسنِ معاشرت و معاملات | سبق کا نام: حدیثِ نبوی ﷺ، باہمی تعلقات (دہرائی) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- چار مستند احادیث یاد کر سکیں۔
- اِن احادیث کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں اِن کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔
- حقوق العباد کا مفہوم اور اہمیت سمجھ سکیں۔
- والدین اور اساتذہ کرام کے ساتھ حسنِ سلوک سے آگاہ ہو سکیں۔
- بہن بھائیوں سے تعلقات اور حسنِ سلوک کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔
- رشتہ داروں سے حسنِ سلوک سے روشناس ہو سکیں۔
- آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ گھر، سفر، سکول اور محلے میں اچھے تعلقات رکھ سکیں۔
- پڑوسیوں اور ساتھیوں کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کر سکیں۔
- خواتین کے اِحترام کو سمجھ کر اس پر عمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** **5 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق "حدیثِ نبوی ﷺ، باہمی تعلقات" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

**اعادہ:** **15 منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور

غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

| 20منٹ | ورک شیٹ |
|---|---|

**سوال 1: درج ذیل احادیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔**

ا۔ اَلدُّعَآءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ

ترجمہ: ____________________________________________

۲۔ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ

ترجمہ: ____________________________________________

**سوال 2: خالی جگہ پُر کریں۔**

۱ ہم پر والدین کا یہ حق ہے کہ ان کی __________ کریں۔

۲ مِل جُل کر رہنے سے گھر کا ماحول __________ رہتا ہے۔

۳ رِشتے داروں کے ساتھ __________ سے پیش آئیں۔

۴ ہمارے پڑوسی ہمارے __________ کے حق دار ہیں۔

سوال 3: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى ٱللَّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے پڑوسی سے اچھا سلوک کرنے کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا

ہے؟

سوال 4: رشتے داروں سے حسنِ سلوک کی چند صورتیں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب ششم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام | سبق کا نام: حضرت آدم علیہ السلام (دہرائی) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ حضرت آدم علیہ السلام سب سے پہلے انسان اور نبی ہیں اور انسانوں کا سلسلہ اُن سے چلا۔
- حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق، حالاتِ زندگی اور دُعا کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت آدم علیہ السلام کی زندگی سے راہ نمائی حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق "حضرت آدم علیہ السلام" کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو باآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

**اعادہ:** 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

## ورک شیٹ

20منٹ

**سوال 1: دُرست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

۱ سب سے پہلے اِنسان ہیں:

(الف) حضرت عیسیٰ عَلَیہِ السَّلَام (ب) حضرت موسیٰ عَلَیہِ السَّلَام

(ج) حضرت ابراہیم عَلَیہِ السَّلَام (د) حضرت آدم عَلَیہِ السَّلَام

۲ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم عَلَیہِ السَّلَام کو پیدا کِیا:

(الف) ریت سے (ب) آگ سے

(ج) مٹّی سے (د) نُور سے

۳ حضرت آدم عَلَیہِ السَّلَام کا لَقَب ہے:

(الف) سَیفُ اللہ (ب) صَفِیُّ اللہ

(ج) کَلِیمُ اللہ (د) خَلِیلُ اللہ

۴ تمام انسانوں کا باپ کہا جاتا ہے:

(الف) حضرت آدم عَلَیہِ السَّلَام کو (ب) حضرت نوح عَلَیہِ السَّلَام کو

(ج) حضرت عیسیٰ عَلَیہِ السَّلَام کو (د) حضرت ابراہیم عَلَیہِ السَّلَام کو

۵ حضرت آدم عَلَیہِ السَّلَام کو سجدہ کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا:

(الف) فرشتوں کو (ب) جِنّوں کو

(ج) پرندوں کو (د) حیوانوں کو

۶ اللہ تعالیٰ کے گھر کی بنیاد کس نبی نے رکھی؟

(الف) حضرت آدم عَلَیہِ السَّلَام (ب) حضرت موسیٰ عَلَیہِ السَّلَام

(ج) حضرت ابراہیم عَلَیہِ السَّلَام (د) حضرت عیسیٰ عَلَیہِ السَّلَام

ے تمام علوم و فنون کا اصل مرکز ہے:

الف انسان

ب کائنات

ج اللہ تعالیٰ

د فرشتے

**سوال 2: حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کا واقعہ لکھیں۔**

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________